Sindh Enterprise Development Fund
SEDF
Investment Department
Government of Sindh




# سندھ انٹرپرائز
# ڈیولپمنٹ فنڈ



Sindh Enterprise Development Fund
SEDF
Investment Department
Government of Sindh

ویب سائٹ: www.sedf.gos.pk
ای میل: info@sedf.gos.pk
فیس بک: www.facebook.com/SindhEnterpriseDevelopmentFund/
لنکڈان: www.linkedin.com/company/sindh-enterprise-development-fund/
ٹوئٹر: www.twitter.com/SEDFofficial

# عمومی جائزہ

سندھ اپنی فروغ پذیر صنعتی بنیاد، وافر قدرتی وسائل، ترقی یافتہ انفرااسٹرکچر، مسابقتی انسانی وسائل، 2 بندرگاہوں تک رسائی، جدید مواصلاتی نیٹ ورک، ماڈرن فنانشل اینڈ سروس سیکٹر اور سرمایہ کاری دوست پالیسیوں کی وجہ سے تجارت اور کاروباری سرگرمیوں کا ایک نمایاں مرکز ہے۔ یہ عوامل سندھ کی اہمیت میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں اور سرمایہ کاروں کو انویسٹمنٹ اور تجارت کے ذریعے ترقی و خوشحالی کے بہترین مواقع فراہم کرتے ہیں۔

حکومت سندھ سرمایہ کاری میں سہولت کاری کو اولین ترجیح دیتی ہے جو صوبے میں مسلسل ترقی کی راہ ہموار کرنے کے علاوہ اسے اپنی حقیقی معاشی صلاحیت کے حصول میں بھی مدد دیتی ہے۔

سندھ انٹرپرائز ڈیولپمنٹ فنڈ (ایس ای ڈی ایف) صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے سندھ حکومت کی بہت سی کامیابیوں اور اقدامات میں سے ایک ہے۔

## ہمارا مشن

’’سندھ کے مختلف سیکٹرز کی حقیقی اقتصادی صلاحیت کو بروئے کار لانے کے لیے ٹیکنالوجی متعارف کروانا اور ان کی کارکردگی کو بہتر بنانا‘‘

## ہمارا وژن

’’سندھ کے مسابقتی ایڈوانٹیج کی بنیاد پر انٹرپرینیورشپ کی مدد کرنا‘‘

## ہمارا مقصد


’’ہمارا مقصد سندھ کے دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں ’’ایم ایس ایم ایز‘‘ کی ترقی کے ذریعے معاشی نمو کو فروغ دینا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور غربت کا خاتمہ کرنا ہے۔ ’’ایس ای ڈی ایف‘‘ نے ترجیحی سیکٹرز میں مختلف فلیگ شپ منصوبوں کا کامیاب مظاہرہ کیا ہے، جنہوں نے فراہم کردہ سبسڈی کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ نجی سرمایہ کاری کو متحرک کیا۔

# تعارف

حکومت سندھ نے مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز (ایم ایس ایم ایز) میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی، کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینے اور وسیع تر معیشت کو نمایاں فروغ دینے کے وژن کے ساتھ سندھ انٹرپرائز ڈیولپمنٹ فنڈ (ایس ای ڈی ایف) قائم کیا ہے۔ اس منفرد اقدام کا مقصد ویلیو ایڈیشن کے مواقع کو فروغ دینا ہے، جس سے ترقی، انٹرمیڈیئری سروسز اور پیداواری صلاحیت سمیت متعدد معاشی فوائد حاصل ہوں گے۔ ’’ایس ای ڈی ایف‘‘ تکنیکی اور مالی معاونت، مارکیٹ سے متعلق مہارت میں شراکت اور بہترین بین الاقوامی طریقہ ہائے کار کو اپنا کر سندھ کی ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں کاروباری اداروں کی مدد کرتا ہے۔

’’ایس ای ڈی ایف‘‘ کا مقصد سندھ کے دیہی اور شہری علاقوں میں اسٹیک ہولڈرز کی مدد کر کے ایسا معاون کاروباری ماحول پیدا کرنا ہے جو معاشی ترقی کو آگے بڑھائے، ملازمتوں کے مواقع پیدا کرے اور غربت کو کم کرے۔

# سندھ میں سرمایہ کاری کیوں؟



# ترجیحی شعبے

۱ ایگری پروسیسنگ
۲ باغبانی اور گل پروری (فلوری کلچر)
۳ ڈیری اینڈ لائیواسٹاک
۴ پولٹری
۵ ایکوا کلچر اینڈ فشریز
۶ اسٹوریج اینڈ کولڈ چین
۷ گرین انرجی (متبادل توانائی)
۸ خواتین کی انٹرپرینیورشپ
۹ معدنیات کی کان کنی اور پروسیسنگ
۱۰ جدت طرازی (انوویشن) اور ٹیکنالوجی



# ہماری خدمات



## ۱ تکنیکی معاونت

- فزیبلٹی اسٹڈی کی تیاری
- مالیاتی اداروں (بینک/ DFIs / نجی ایکویٹی فرمز) سے قرض (فنانسنگ) کا حصول
- ''ایس ای ڈی ایف'' درخواست کی تیاری
- سندھ میں ممکنہ پروجیکٹس شروع کرنے کے لیے مختلف سرکاری محکموں کے ساتھ رابطہ کاری




## ۲ مالی معاونت

- کیپیٹل کاسٹ پر مارک اپ سبسڈی:
  -KIBOR کی حد تک
  -اسٹیٹ بینک ری فنانس ریٹ پر **۲** فیصد سے بھی زائد (منتخب پروجیکٹس پر)

تکنیکی معاونت | کریڈٹ اسسٹنس | فزیبلٹی اسٹڈیز | ڈیٹ فنانسنگ | 'ون ونڈو' سولوشن

# درخواست دینے کا عمل

اگر آپ ایک SME ہیں، جس کے پاس سندھ (پاکستان) میں روبہ عمل لانے کے لیے کوئی جدید پروجیکٹ آئیڈیا موجود ہے اور آپ اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو ''ایس ای ڈی ایف'' کی معاونت کے حصول کے لیے درخواست دیجیے۔

منتخب کردہ ''ایس ای ڈی ایف'' منصوبوں کو ''ون آن ون'' تکنیکی مدد اور کوچنگ فراہم کی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے کاروباری منصوبوں، مالیاتی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کی پیشکشوں کو بہترین شکل دے سکیں۔ درخواستوں کو مستقل بنیاد پر قبول کیا جاتا ہے اور آپ کسی بھی وقت اپنی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔



مندرجہ ذیل دستاویزات ذاتی طور پر جمع کرانے کے لیے ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ درخواستیں ''ایس ای ڈی ایف'' کی ویب سائٹ پر ''QR کوڈ'' یا ''E پورٹل'' کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن بھی جمع کرائی جاسکتی ہیں۔

SCAN HERE

- ا اظہار دلچسپی (EOI) فارم
- ب فزیبلٹی رپورٹ / بزنس پلان ٹیمپلیٹ
- پ سکورنگ معیار

ترجیحی شعبوں کے منصوبے ''ایس ای ڈی ایف'' کی مدد حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ تاہم، درخواستوں میں یہ واضح کرنے کی ضرورت ہے کہ منصوبہ تجارتی اور تکنیکی طور پر قابل عمل ہے، جس سے سندھ کی معیشت پر سماجی و معاشی اور ''ویلیو ایڈڈ'' دونوں طرح کے اثرات مرتب ہوں گے۔

# اہلیت کا معیار اور مطلوبہ دستاویزات

''ایس ای ڈی ایف'' ۳۰ لاکھ امریکی ڈالرز تک کے منصوبوں کے لیے مدد فراہم کرتا ہے (اس حد سے زائد کے منصوبوں کو بھی مدد فراہم کی جائے گی، تاہم یہ ''ایس ای ڈی ایف'' کی منظوری سے مشروط ہے)۔ KIBOR (شرح سود) کی حد تک مجموعی سبسڈی ''ایس ای ڈی ایف'' کی صوابدید پر منحصر ہے اور یہ ہر کیس میں مختلف ہو سکتی ہے۔

## ''ایس ای ڈی ایف'' سے مالی مدد کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل معلومات اور دستاویزات درکار ہیں:

۱. مناسب طریقے سے پُر شدہ درخواست / اظہار دلچسپی (EOI) فارم۔
۲. کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی۔
۳. پروجیکٹ فزیبلٹی رپورٹ / کاروباری منصوبہ مع ضمیمہ جات (Annexures)۔
۴. وینڈر کی تفصیلات مع پلانٹ، مشینری، ساز و سامان، گاڑیوں، جانوروں اور سول اسٹرکچر وغیرہ کے مینوفیکچررز کی کوٹیشنز۔
۵. اراضی کی تفصیلات اور جائیداد کے حقوق۔
۶. نکم ٹیکس / سیلز ٹیکس / NTN سرٹیفکیٹ اور آخری تین سال کے گوشوارے (اگر دستیاب ہوں)۔
۷. کمپنی کی قانونی حیثیت، رجسٹریشن نمبر اور تاریخ۔
۸. کمپنی کے اسٹیک ہولڈرز کے نام، ان کی شیئر ہولڈنگ کی شرح فیصد، پیشہ ورانہ مہارت اور مستقل رہائش کا پتہ۔
۹. کولیٹرل (Collateral) / بینک گارنٹی وغیرہ کی تفصیلات۔
۱۰. بینک آفر لیٹر / ٹرم شیٹ (اگر دستیاب ہو)۔
۱۱. درخواست دہندہ کو کسی بھی سرکاری محکمے سے بلیک لسٹ نہ کیا گیا ہو۔
۱۲. پروجیکٹ کی جانچ پڑتال کے لیے ''ایس ای ڈی ایف'' کو درکار کوئی بھی دیگر دستاویز۔

# ''ایس ای ڈی ایف'' کا طریقہ کار

۱. ممکنہ منصوبے / سرمایہ کاری کی شناخت
۲. ''ایس ای ڈی ایف'' کو پروپوزل بھیجا جائے
۳. پروجیکٹ کی جانچ پڑتال اور انتخاب
۴. لیٹر آف کمفرٹ (LOC) کا اجراء
۵. کارکردگی کی نگرانی

## ''ایس ای ڈی ایف'' کہاں کام کرتا ہے

''ایس ای ڈی ایف''، تمام ترجیحی شعبوں میں پورے صوبہ سندھ سے سال بھر درخواستیں قبول کرتا ہے۔

## ''ایس ای ڈی ایف'' کے اثرات

**115**
''ایس ای ڈی ایف'' پروجیکٹس

**۸ ارب روپے**
سندھ میں مجموعی پروجیکٹ سرمایہ کاری


**+۲۵۰۰**
افراد کے لیے روزگار

**۷۱**
رائس ہسکنگ یونٹس

**۶۰۰ ملین روپے**
زراعانت

**+۵۰۰۰**
چھوٹے (مائیکرو) قرضے

**۲۵**
خواتین کے کاروباری منصوبے



# اسکیمیں

## ادارہ جاتی تعاون

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کے لیے سرمائے / قرضہ کا حصول ہمیشہ سے ایک چیلنج رہا ہے۔ اس چیلنج سے نمٹنے اور سندھ میں MSMEs کو قرضے دینے کے لیے ''ایس ای ڈی ایف'' نے ادارہ جاتی تعاون کے لئے مختلف اقدامات کیے ہیں۔

### ۱ اسٹیٹ بینک آف پاکستان

''ایس ای ڈی ایف'' اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ مختلف معاملات میں تعاون کر رہا ہے، جن کا مقصد سرمائے تک رسائی کو بڑھانا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے پیش کی جانے والی کچھ ری فنانس اسکیمیں درج ذیل ہیں، جن کے لیے ''ایس ای ڈی ایف'' سندھ میں MSMEs کو اسٹیٹ بینک کی جانب سے پیش کردہ 2 فیصد ری فنانس ریٹ سے زیادہ مارک اپ سبسڈی فراہم کرتا ہے۔

1. سندھ میں رائس ہسکنگ ملز کے لیے مارک اپ سبسڈی اور گارنٹی اسکیم۔
2. کاروباری خواتین کے لیے ری فنانس اور کریڈٹ گارنٹی اسکیم۔
3. قابل تجدید توانائی کے لئے فنانسنگ اسکیم۔
4. SMEs کی جدید کاری کے لیے فنانسنگ کی سہولت۔
5. زرعی پیداوار کے ذخیرہ کے لیے فنانسنگ سہولت (FFSAP)۔

تفصیلات کے لیے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.sbp.org.pk

### ۲ بینکوں / ترقیاتی مالیاتی اداروں (DFIs) / مائیکروفنانس بینکوں کے ساتھ ادارہ جاتی تعاون



''ایس ای ڈی ایف'' کی جانب سے پیش کی جانے والی مارک اپ سبسڈی، سندھ میں کاروباری اداروں کے فروغ کے لیے اہم ہے۔ ادائیگی (Disbursement) کے عمل کو تیز کرنے کے لیے ''ایس ای ڈی ایف'' نے مختلف بینکوں کے ساتھ ادارہ جاتی اشتراک کیا ہے۔ اس انتظام کے تحت ایسے درخواست دہندگان کو، جو مالیاتی اداروں کی جانب سے طے کردہ پروجیکٹ فنانسنگ کے آزادانہ معیار پر پورا اترتے ہیں، ''ایس ای ڈی ایف'' کو ریفر (Refer) کیا جائے گا۔ ''ایس ای ڈی ایف'' مناسب جانچ پڑتال کے بعد مارک اپ سبسڈی کے لیے منصوبے کا جائزہ لے گا۔ اس اشتراک کی بدولت پروسیسنگ کے لیے درکار وقت کم اور درخواست دہندگان کے لیے قرض کا حصول آسان ہوگیا ہے۔

### ۳ سرمائے تک رسائی

''ایس ای ڈی ایف'' نے قابل عمل اور ممکنہ منصوبوں میں تعاون اور سہولت کاری کے لیے نجی ایکویٹی فرموں اور کریڈٹ گارنٹی کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ یہ کمپنیاں قرض کی درخواستوں پر قلیل مدت کے اندر کارروائی کرتی ہیں، جس سے ''ایس ای ڈی ایف'' اور اس کے درخواست دہندگان کو وقت اور لاگت کے حوالے سے فائدہ پہنچ سکتا ہے، خاص طور پر ان منصوبوں میں کہ جہاں قرض کا حصول ایک چیلنج ہوتا ہے۔ بینکوں کے برعکس، قرض دینے کا فیصلہ کرنے کے لیے ان پارٹنر اداروں کی شرائط ضمانت نرم ہوتی ہیں اور یہ سیل انوائسز اور کیش فلو کی ضمانت پر انحصار کرتے ہیں۔

Job Creation

### ۴ ویمن انٹرپرینیورشپ



''ایس ای ڈی ایف'' صوبہ سندھ میں انٹرپرینیورشپ اور معاشی ترقی کو فروغ دینے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ ''ایس ای ڈی ایف'' کی توجہ کا مرکز بننے والا ایک اہم شعبہ کاروباری خواتین کی مدد کرنا ہے، جنہیں اکثر مالی وسائل اور کاروباری مواقع تک رسائی میں نمایاں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ٹارگٹڈ سپورٹ اور وسائل کے ذریعے ''ایس ای ڈی ایف'' خواتین کو بااختیار بنانے اور کاروباری دنیا میں صنفی مساوات کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہا ہے۔ کاروباری خواتین کی مدد کر کے ''ایس ای ڈی ایف'' صوبے بھر میں ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے اور کمیونٹیز میں معاشی ترقی کو فروغ دینے میں بھی تعاون کر رہا ہے۔ ''ایس ای ڈی ایف'' کی کاوشوں میں تربیت، رہنمائی اور سرمائے تک رسائی شامل ہیں تاکہ خواتین کو اپنے کاروبار میں کامیاب ہونے اور پھلنے پھولنے میں مدد مل سکے۔

## شراکت دار

- UBL
- NBP
- State Bank of Pakistan
- JS BANK
- alBaraka
- HBL
- Bank Alfalah
- Meezan Bank – The Premier Islamic Bank
- askari bank
- Sindh Microfinance Bank
- First Women Bank Ltd.
- ACUMEN – Changing the way the world tackles poverty
- PAC – Pakistan Agricultural Coalition
- DFCD
- U Microfinance Bank
- International Trade Centre
- USAID – From the American People
- PFAN
- Pakistan Mercantile Exchange

# سندھ میں سرمایہ کاری کے ممکنہ مواقع

### ۱ چاول

- رائس ہسکنگ ملز کے لیے بی ایم آر اسکیم
- چاول کی بھوسی کی راکھ (رائس ہسک ایش) سے سیلیکا نکالنا
- چاول کے ری پروسیسنگ یونٹس

### ۲ مویشی

- جدید ڈیری فارمنگ
- اینیمل فیٹننگ (جانوروں کو موٹا کرنے کا) فارم
- خودکار مذبحہ خانے (سلاٹر ہاؤس) اور فضلہ (Offal) پروسیسنگ یونٹ
- جانوروں کی فیڈمل

### ۳ پولٹری

- پولٹری بریڈر فارم
- انوائرمنٹلی کنٹرولڈ پولٹری شیڈز
- فیڈمل
- ایگ پاسچرائزنگ یونٹ
- پولٹری ہیچز

### ۴ انٹرپرینیورشپ کی معاونت

- سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی، ٹنڈو جام میں ایگری انٹرپرینیورشپ چیلنجنگ پروگرام
- ویمن انٹرپرینیورشپ پروگرام

### ۵ ایگریکلچر ویلیو چین


- ٹشو کلچر لیبارٹری
- کھجور پروسیسنگ پلانٹ
- الیکٹرانک بیم شعاع ریزی (Irradiation)
- کولڈ اسٹوریج اور اناج گودام
- باغبانی (ہارٹیکلچر)/گل پروری (فلوری کلچر)
- اولیوریسن (Oleo Resin) اور تیل نکالنے کا یونٹ
- فروٹ پلپنگ یونٹ

### ۶ جدت طرازی اور ٹیکنالوجی

- اسٹارٹ اپس اور انکیوبیٹرز

### ۷ فشریز

- بائیوفلوک (Biofloc) فش فارمنگ
- فائبر گلاس بوٹ مینوفیکچرنگ یونٹ
- ان لینڈ (Inland) فش فارمنگ
- ٹراؤٹ ریفر وان (Trout Reefer Van)
- جھینگے کی فارمنگ








SEDF
Sindh Enterprise Development Fund
Investment Department
Government of Sindh




# ترقی کا ۱۲ سالہ سفر





